عورت حیض کی حالت میں درود تاج و درود تنجینا جیسے درود پڑھ سکتی ہے؟

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2716

تاریخ اجراء: 08ذوالقعدۃالحرام1445ھ/17مئی2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

عورت شرعی عذر والے ایام میں درود تنجینا اور درود تاج جیسے درود پڑھ سکتی ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جی ہاں! پڑھ سکتی ہے، کوئی حرج نہیں، لیکن بہتر یہ ہے کہ وضو یا کلی کر کے پڑھے اور اگر بغیر وضو اور بغیر کلی کیے ہی پڑھ لیا تب بھی حرج نہیں۔ چنانچہ بہار شریعت میں ہے" قرآنِ مجید کے علاوہ اور تمام اذکار کلمہ شریف، **درود شریف** وغیرہ پڑھنا بلا کراہت جائز بلکہ مستحب ہے اور ان چیزوں کو وضو یا کلی کر کے پڑھنا بہتر اور ویسے ہی پڑھ لیا جب بھی حرج نہیں اور ان کے چھونے میں بھی حرج نہیں۔" (بہارِ شریعت، جلد1، حصہ2، صفحہ379، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net